وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نہایت ہی آسان اور فوری اثر کرنیوالے

مجرب عملیات کا ذخیرہ

جواہر العملیات

مؤلف

ابو عبدین قاری عبد الستار نقشبندی

خلیفہ مجاز سلسلہ قادریہ

ڈاکخانہ چدھڑ شجاع آباد ضلع ملتان

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاۗءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

نہایت ہی آسان اور فوری اثر کرنیوالے

مجرب عملیات کا ذخیرہ

جواہر العملیات

مؤلف

ابو عبدین قاری عبد الستار نقشبندی
خلیفہ مجاز سلسلہ قادریہ

ڈاکخانہ چدھڑ شجاع آباد ضلع ملتان

فہرست مضامین

عرضِ حال

سب تعریفیں اللہ رب العزت کیلیے ہیں جس نے قرآن مجید کو ہم مسلمانوں کیلیے رحمت وشفاء بناکر نازل فرمایا اور بیشمار رحمتیں نازل ہوں نبی اکرمؐ پر جن پر قرآن حکیم نازل ہوا، اور آپکے مقدس صحابہ پر جنہوں نے قرآن حکیم پر عمل کرکے حق ادا کردیا اور خصوصی برکتوں کا نزول ہو عاملین صوفیاءِ کرام پر جنہوں نے شب وروز سالہا سال محنت کرکے عملیات کے اثر کو پالیا اور ہمیں قرآن حکیم کے عملیات وتعویذات کے اثر سے آگاہ فرمایا۔ جس سے ہم اپنی پریشانیوں کے حل اور بیماریوں کی روحانی شفاء کیلیے قرآنی عملیات و تعویذات سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ فَلَهُ الْحَمْد

میری طرف سے اس کتاب کے تمام عملیات کی ہر مسلمان کو اجازت ہے۔ شرائطِ عملیات کی پابندی کریں انشاءاللہ بغیر کسی زکوٰۃ کے مستفید ہونگے شرائط یہ ہیں۔ نماز کی پابندی کریں۔ قرآن پاک کا صحیح پڑھنا، حلال کھانا، سچ بولنا، وعدہ پورا کرنا۔ حب کے عملیات قمری مہینے کی ابتدائی تاریخوں میں دن کے اول وقت میں کیے جائیں۔ دشمنی کے عملیات مہینے کی آخری تاریخوں میں ہفتہ یا منگل کو ظہر کے بعد کیے جائیں۔ قاری عبدالستار ملتانی ۱۴۱۵ھ

اعدادِ قمری

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸
ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع
۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰
ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ
۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰
			ذ	ض	ظ	غ	
			۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰	

اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّیْ کَلِمَنْ سَعْفَصْ

قَرْشَتْ ثَخَّذْ ضَظَّغْ

برائے ترقی رزق

بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ بار فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔ یہ عمل بلاناغہ گیارہ روز تک جاری رکھیں۔ مجرب عمل ہے۔

عالمِ غیب سے روزی حاصل کرنیکا بینظیر عمل

نمازِ فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ایک سو ایک مرتبہ آیت ذیل پڑھیں اس کے بعد سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ سے عجز و انکسار سے امداد طلب کریں انشاء اللہ غیب سے آپ کی مدد کی جائے گی۔
آیت یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَنْزَلَ جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا

رزق میں غیبی برکت

نصف رات کے وقت اکیس روز تک باوضو ایک سو اکیس مرتبہ یہ عمل پڑھیں دوران عمل خوشبو جلائیں اول و آخر اکیس مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں بفضلِ خدا رزق میں غیبی ترقی ہوگی۔ مجرب عمل ہے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط يَا بَاسِطُ يَا بَاسِطُ يَا بَاسِطُ يَا بَاسِطُ الَّذِىْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ط

برائے ترقی رزق

نماز جمعہ کے بعد ستر بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَلْمُعْطِیْ هُوَاللّٰه ط اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف، شرط یہ ہے کہ سلام کے بعد اسی طریقہ سے بیٹھا رہے کوئی پہلو نہ بدلے نہ کسی طرف دیکھے ورنہ اس عمل کی تاثیر ضائع ہو جائے گی۔ آزمودہ ہے۔

کشائش رزق

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط

یہ آیت ایک ایسی نعمت ہے جس کا کوئی حساب نہیں توجہ یا غیر توجہ کے ساتھ جس طرح جی چاہے پڑھے ساتویں دن سے اس کا اثر ہونا ظاہر ہو جاتے گا۔ ہمیشہ پڑھتے رہو پھر قدر خدا کا تماشہ دیکھو درمیان میں کسی وقت درود شریف بھی پڑھو عمل مجرب ہے

حصول روزگار

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط

اس آیت کو لکھ کر بازو پر باندھیں۔ نجاست کی حالت میں تعویذ کو علیحدہ کر دیں بعد ازاں پھر پہن لے۔ علاوہ ازیں وقتاً فوقتاً اس آیت کی تلاوت بھی کرتا رہے۔ مجرب ہے۔

ادائیگی قرض

عشاء کی نماز پڑھ کر اسی جگہ پر سورۂ نصر کو اکتالیس بار اکتالیس روز تک پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف مجرب و اکسیر ہے۔

برائے حُب

مطلوب کے داہنے پاؤں اور اپنے بائیں پاؤں کی خاک لیکر سات مرتبہ سورہ اخلاص یعنی قُلْ هُوَاللّٰه شریف پڑھ کر خاک پر دم کرکے آگ میں ڈال دے محبت پیدا ہوگی اوّل و آخر ایک ایک مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں مجرب ہے۔

حب کا مجرب عمل

یَا وَدُوْدُ طالب اور مطلوب تینوں کے اعداد نکالے جس قدر اعداد آئیں اتنی ہی مرتبہ پڑھا جائے یَا وَدُوْدُ کے اعداد طالب اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد مطلوب اور اس کی والدہ کے نام کے اعداد ایک ہفتہ دو ہفتہ تین ہفتہ پڑھتا رہے انشاء اللہ کامیابی ہوگی

حب کا آزمودہ عمل

اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں ہزار بار وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ٥ یَا رَفِیْقُ یَا شَفِیْقُ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضَیْقٍ ٥ پڑھ کر پھول پر دم کرے اور پھول محبوب کو تحفتاً بھیج دے جوں ہی محبوب ان پھولوں کو سونگھے گا عاشق ہو جائے گا۔ آزمائش کرلیں۔

حب کا مجرب نقش

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ
اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
وَلَمْ	يُوْ	لَدْ	وَلَمْ
يَكُنْ	لَهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

جائز محبت کیلیے اس نقش کو انار کے درخت پر لٹکا دیں یا صحرا میں دفن کر دیں انشاء اللہ محبت پیدا ہوتی ہے آزمودہ نقش ہے

برائے دشمنی

دشمنوں سے نجات

رات کو سوتے وقت جب وقت بیدار ہوں لیٹے لیٹے اسی حال میں اس آیت کو ایک سو بار پڑھیں وضو کی شرط نہیں. غرض یہ کہ آنکھ کھلتے ہی پڑھنا شروع کردے. چند دن نہ گزریں گے کہ دشمن ذلیل وخوار ہو کر دور ہو جائے گا۔ پڑھتے وقت دل میں تصور دشمن کی ذلت و خواری کا رکھیں. اس کی برکت سے دشمن کو دور کردے آزمودہ عمل ہے. آیت یہ ہے۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ؕ

دشمن کو عاجز و محتاج کرنے کیلیے

اول اس تعویذ کو گیارہ بار لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں پھر کسی حلال جانور کی ہڈی پر اس تعویذ کو لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کر دے اور وہیں بیٹھ کر دشمن کی محتاجی کا تصور کر کے بغیر بسم اللہ سورۃ توبہ پڑھے اور واپس چلا آئے ۔ تعویذ لکھتے وقت پہلے گیارہ دفعہ بسم اللہ پڑھ لینا چاہیے یہ عمل نہایت مجرب اور اکثیر ہے ۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

جُدائی کا مجرّب عمل

سورۃ تبت یدا ابی لہب د بغیر بسم اللہ کے نمک، سرسوں اور بال تینوں چیزوں کو لیکر اکیس مرتبہ پڑھے ہر چیز پر علیحدہ علیحدہ پڑھے۔ واضح ہو کہ نمک، سرسوں اور بال جن دو میں جدائی مقصود ہے انہیں کے ہوں۔ اور ہر بار دونوں کا نام لے جن میں جدائی کروانی ہو۔ شرعی لحاظ سے جائز ہو تو کرے ورنہ نقصان اٹھانا پڑے گا

جدائی کا آزمودہ عمل

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ

یہ آیت دو علیحدہ علیحدہ کاغذوں پر لکھ کر جن میں جدائی مقصود ہو ان کے نام مع ان کی ماؤں کے نام لکھ کر پاک پانی میں دھو کر ان دونوں کو پلا دو بیشک دونوں میں جدائی ہو جائے گی۔

برائے جدائی

جن دو شخصوں کے درمیان جدائی کروانا مقصود ہو یا عداوت کروانا مقصود ہو ان دونوں کے ناموں کے اعداد نکال کر اسی تعداد کے مطابق مندرجہ ذیل آیت کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کر کے دونوں میں

سے جسے آسان ہو کھلا دے اگر کھلا نہ سکے تو ان کے ناموں کے عدد
کے مطابق ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر آیت ذیل کو پڑھے انشاء اللہ اسی
دن جدائی ہوگی وقت نصف رات یا با مجبوری بعد نماز عشاء پڑھے۔
مجرب ہے آیت یہ ہے۔ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

برائے مُقدّمہ

یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ یہ اسماء ایک لاکھ اکیاون
ہزار مرتبہ بطور ختم پڑھے۔ مکان اور کپڑے پاک ہونا چاہیے۔ خوشبو
بھی لگائے، سنگین مقدمات کے لیے مجرب ہے۔

مُقدّمہ میں کامیابی

سات روز تک گیارہ ہزار مرتبہ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ط
روزانہ برابر پڑھتا رہے آزمودہ ہے۔

مظلوم کی فتح اور کامیابی مُقدّمہ

حکام کے سامنے یہ نقش عمامہ یا ٹوپی میں رکھ کر جانا بفضلہ تعالیٰ
مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۳۷۵	۳۷۴	۳۷۹		
	۳۸۰	۳۷۶	۳۷۲	
		۳۷۳	۳۷۸	۳۷۷

مقدمہ کے لیے اس نقش کی زکوٰۃ یہ ہے کہ پچاس روپے لیے جائیں تب فائدہ ہوگا ورنہ فائدہ نہیں ہوگا۔

برائے گمشدہ و مفرور

واپسی مفرور اگر کوئی گھر سے مفرور ہو اور واپسی کی کوئی سبیل نہ ہو تو اس نقش کو لکھ کر کسی درخت پر لٹکائیں۔ مجرب اور کامیاب ترین نقش ہے۔ مفرور کتنی ہی پابندی میں کیوں نہ ہو انشاء اللہ بے قرار ہو کر واپس آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

واپسی مفرور اس نقش کو لکھ کر کسی وزن کے نیچے دبا دیں۔
مجرب المجرب ہے واپسی پر ان بزرگوں کی نیاز دلوائیں

حضرت ابراہیم ادھم	حضرت ابوبکر صدیق رضی	حضرت ابراہیم ادھم
حضرت عمر فاروق رضی	فلاں بن فلاں زود بیاید	حضرت عثمان غنی رضی
حضرت ابراہیم ادھم	حضرت علی رضی	حضرت ابراہیم ادھم

واپسی گمشدہ اس نقش کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دیے
انشاءاللہ مفرور فوراً واپس آجائے گا۔ مجرب ہے
بھاگے ہوئے کا نام عدد پانچ کے پیچھے لکھے۔

بستم راہ شمال یا عبدالکریم

۲ ب	۹ ط	۴ د
۷ ز	۵ ہ	۳ ج
۶ و	۱ ز	۸ ح

بستم راہ مشرق یا عبدالعزیز

بستم راہ مغرب یا عبدالرحیم

بستم راہ جنوب یا عبدالرشید

گمشدہ کے لیے جس وقت گم ہونے کی خبر ملے فوراً بلا تاخیر
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ط
گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ گم شدہ چیز بہت جلد ہی مل جائے گی
مجرب ہے۔

مفرور کی واپسی

سورۃ والضحیٰ اس طریقہ سے لکھے کہ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى کے بعد بھاگے ہوئے کا نام لکھے اس کے بعد بقیہ تمام سورۃ لکھے اور نوشتہ کو قرآن شریف میں رکھ دے مجرّب ہے۔

گم شدہ کا مجرّب نقش

خواہ کتنے ہی برس کسی آدمی کو گم ہوئے کیوں نہ گزر گئے ہوں وہ واپس آجائے گا یا اس گم شدہ آدمی کا پتہ چل جائے گا۔ اور اگر خدانخواستہ گم شدہ آدمی فوت ہوگیا ہے اس کے فوت ہونے کی اطلاع موصول ہوجائے گی۔

بحرمت حضرت عمر بن خطاب رض

فلاں بن فلاں

اس تعویذ کو چرخہ سے باندھ دیا جائے اور اس کے سات پھیر الٹے طرف روزانہ دیا کریں انشاء اللہ ایک ہفتہ میں پتہ چل جائے گا۔

برائے رُوحانی امراض

دافع سحر

ابلیس	ابوجہل	فرعون	قارون
نمرود	ابولہب	ہامان	شداد
ہامان	شداد	ابوجہل	نمرود
قارون	ابولہب	فرعون	ابلیس

اس نقش کو لکھ کر سارے جسم پر ملیں پھر بارہ جوتے نقش پر ماریں اور جلا دیں۔ تین دن برابر صبح و شام یہ کریں مجرب ہے

سحر و آسیب کے لیے

صبح کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد اور سوتے وقت

الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ آیت الکرسی اور معوذتین یعنی سورۃ فلق اور سورۃ ناس اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف۔ مریض خود پڑھے تو بہتر ہے ورنہ کوئی دوسرا پڑھے اس طرح دم کرے کہ لعابِ دہن کا کچھ حصہ مریض کے جسم پر گرے۔ نیز ایک بوتل پانی بھر کر رکھیں۔ بوتل پر دم کر دیا کریں دم شدہ پانی نہار منہ ایک گھونٹ مریض کو پلائیں جب بوتل آدھی رہ جائے تو نئے پانی سے بھر دیں۔ اگر مکان میں آسیب کا اثر ہو تو دم کیے ہوئے پانی میں سے تھوڑا سا پانی لے کر مکان کے چاروں کونوں میں اس طرح چھڑکیں کہ پانی زمین پر نہ گرے۔

آسیب زدہ کیلیے

یہ تعویذ کسی آسیب زدہ آدمی کے بازو یا گلے میں باندھیں انشاء اللہ آسیب کا اثر دور ہو جائے گا۔ مجرب ہے

٧٨٦

٢٤	٣٧	٣١	١٧
٣٠	١٨	٢٣	٢٨
١٩	٣٣	٢٥	٢٢
٢٦	٢١	٢٠	٣٢
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

آسیب کے لیے

یہ آیت الکرسی کا مجرب نقش ہے گلے یا بازو میں باندھیں

بِسْمِ اللّٰهِ سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَّبٍّ الرَّحِیْمِ

٣٥١٦	٣٥١٩	٣٥٢٢	٣٥٠٩
٣٥٢١	٣٥١٠	٣٥١٥	٣٥٢٠
٣٥١١	٣٥٢٤	٣٥١٧	٣٥١٤
٣٥١٨	٣٥١٣	٣٥١٢	٣٥٢٣

فِیْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

الٰہی بحرمت ہٰذا نقش فلاں ابن فلاں
را از آسیب و بھوت محفوظ دار

سید ریاض احمد 0345-2151897

گھر میں اینٹ اور پتھر برسنا

٧٨٦

ی	ع	الم اع	ف
سے	ن	ل	ف
ق	م	د	ک
بدوح	بدوح	سے	اح ہ

اس نقش کو لکھ کر پانی میں دھو ڈالے اس پانی کو تمام مکان پر چھڑک ڈالے انشاءاللہ اینٹوں کا برسنا بند ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

مکان کیلنا جس مکان میں جن وآسیب وغیرہ کا اثر ہو اسے کیلنے کا مجرب طریقہ یہ ہے کہ چار کیلیں لے کر ہر کیل پر آیت قطب سات سات بار پڑھ کر دم کر کے مکان کے چاروں طرف یعنی چاروں گوشوں میں گاڑھ دیں۔

نوٹ:۔ آیت قطب سورہ آل عمران کی آیت نمبر ۱۵۴ ہے جو کہ چوتھے پارہ میں ہے۔

نظر بد کا مجرب عمل سورۃ قلم کی آخری دو آیتوں کو سات عدد سرخ مرچوں پر پڑھے اور دم کر کے بچہ کے اوپر سے وار کر آگ میں ڈالدیں انشاءاللہ نظر بد کا اثر دور ہو جائے گا۔(سورۃ قلم ۲۹ پارہ)

سید ریاض احمد
0345-2151897

نظر بد کا مجرّبؔ نقش آزمودہ

یہ نقش رباعی لکھ کر گلے میں پہنایا جائے ہر شخص کی نظر سے محفوظ رہے گا۔ مجربؔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

الوکیل	ونعم	اللّٰہ	حسبنا
مغنی	محیط	سابق	عزیز
عالم	مملک	واحد	مانع
باقی	معبود	ممیت	محی

0345-
2151897

نظر بد کا مجرب تعویذ

۷۸۶

قُوَّۃَ	وَلَا	حَوْلَ	لَا
اِلَّا بِاللّٰہِ	قُوَّۃَ	وَلَا	حَوْلَ
العلی	اِلَّا بِاللّٰہِ	قُوَّۃَ	وَلَا
العظیم	العلی	اِلَّا بِاللّٰہِ	قُوَّۃَ

اگر بچے کو نظر بد ہو اور وہ بچہ دودھ نہ پیتا ہو تو تعویذ اس کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ بچہ صحیح ہو جائیگا۔

برائے جسمانی امراض

دل کی بیماریوں کا عمل

ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ توجہ کے ساتھ یہ آیت پڑھیں اور خدا کی قدرت اور کلام اللہ کی برکت کا مشاہدہ کیجیے۔ مجرّب ہے آیت یہ ہے۔ فَاسْتَقِمْ كَمَا اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ ۔

ضعف دماغ کے لیے

جسکا دماغ کمزور ہو وہ ہر نماز کے بعد یَا قَوِیُّ گیارہ مرتبہ سر پر ہاتھ رکھ کر ترقی دماغ کی نیت کر کے پڑھے مجرّب آزمودہ ہے

گنڈا برائے بخار

سات تار کچے سوت کے لیکر اس پر چاروں قل پڑھ کر گرہ لگائے۔ اور گرہ لگاتے وقت یہ کہے بَستم وَقفل کردم بنام فلاں بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ اسی طرح چودہ بار چاروں

قل پڑھے اور چودہ گرہ لگائے اور مریض کے گلے میں ڈالیں۔

باری کے بخار کیلیے پیپل کے تین پتوں کو لیکر ہر پتے پر قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ ۝ وَأَرَادُوا بِهِ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْأَخْسَرِينَ ۝ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ دیں۔ مریض وقتِ بخار سے تین گھنٹے پہلے ایک پتہ زبان سے چاٹ لے پھر ایک گھنٹہ بعد دوسرا پھر تیسرا وقت سے پہلے چاٹ لے انشاء اللہ بخار نہیں آئے گا۔ مجرب ہے

برائے چیچک جیسے ہی بخار شروع ہو اور چیچک کا شبہ ہو یا نکلنا شروع ہو یہ نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں نقش بغیر نقطوں کے لکھے۔

0345-2151897

الحمد لله	رب العلمس	الرحمں الرحىم	ملك ىوم الدىں
اىاك ىعىد	واىاك ىسىعىں	اهدىا الصراط	المسىقىم
صراط الدىں	اىعمں علىهم	عىر المعصوں	علىهم
ولا الصالىں	امىں	ىسم الله	الرحمں الرحىم

نوٹ:۔ نقش بناتے وقت سب سے پہلے سولھواں خانہ پر کریں پھر دسواں، پانچواں، تیسرا، دوسرا، آٹھواں، گیارھواں، تیرھواں ساتواں، پہلا، چودھواں، بارھواں، نواں، پندرھواں، چوتھا اور آخر میں چھٹا خانہ پر کریں۔

آزمودہ

عمل ... دا ھادو دا ھادو ... اتر کاغذ پر ...

دوسرے کاغذ پر ... دا ھادو دا ھادو ...

مرض مرگی مرگی والے کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت سات مرتبہ کہنے سے بفضلہ تعالیٰ مریض تندرست ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

الرجک ہونا اگر کسی چیز سے الرجی ہو تو اس نقش کو لکھ کر بروز جمعہ دائیں بازو کے ساتھ باندھے مجرّب ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ر	ح	ی	م
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ			
ر	ح	ی	م

عورت کا جاری خون بند کرنا اگر کسی عورت کا جاری خون بند نہ ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر عورت کو دیں اور کہیں کہ کمر سے باندھ لے۔ انشاءاللہ اسی وقت جاری خون بند ہو جائے گا خواہ کسی نے جادو وغیرہ سے خون کیوں نہ جاری کیا ہو مجرّب ہے۔

0345-2151897

سید ریاض احمد

۷۸۶

۲۷۲	۲۶۵	۲۷۰
۲۶۷	۲۶۹	۲۷۱
۲۶۸	۲۷۳	۲۶۶

آزمودہ

ناف کا ٹلنا اگر کسی کی ناف ٹل گئی ہو تو اس کو چت لٹا کر اس کی ناف کو دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیوں سے پکڑ کر گیارہ مرتبہ یَاشَافِیْ یَاکَافِیْ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ط پڑھ کر دم کرے تین مرتبہ اسی طرح عمل کرے خدا کے فضل سے ناف اپنے مقام پر واپس آجائے گی بے نظیر اور مجرب ہے۔

بچھو کا جھاڑ ایک دائرہ بنا کر انیس کا ہندسہ اس دائرے میں یوں لکھے (۱۹) اور پوری بِسْمِ اللہ پڑھ کر سات جوتے اس ہندسہ پر مارے اسی طرح کرنے سے شفاء ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ یہ عمل مجرب ہے۔

آزمودہ

یرقان کا جھاڑ یہ عمل سورج نکلنے سے پہلے شام کو غروب آفتاب کے وقت کرنا ہے
یرقان کے مریض کو وقت مقررہ پر بلا کر چونے کے پانی میں اس کے دونوں ہاتھ ڈالیں اور یہ آیت پڑھتے جائیں اور جھاڑتے جائیں۔
تین مرتبہ کے بعد یرقان ختم ہو جائے گا روزانہ پانی پیلا ہوتا جائے گا یہ آزمودہ عمل ہے۔

0345-2151897

نوٹ :۔ (سورۃ بنی اسرائیل کی پہلی آیت ہے جو کہ پندرھویں پارے کی پہلی آیت ہے یرقان کی جھاڑ میں یہی آیت پڑھی جائے گی)

برائے جسمانی درد

سر درد کا بہترین نقش اس نقش کو لکھ کر درد کی جگہ باندھیں درد کو آرام رہے گا مجرا لمجرب ہے۔

حضرت ابوبکرؓ		مُحَمَّدٌ		حضرت عمرؓ
مُحَمَّدٌ	۸	۱	٦	مُحَمَّدٌ
	۳	۵	۷	
	۴	۹	۲	
حضرت عثمانؓ		مُحَمَّدٌ		حضرت علیؓ

برائے سر درد سورۃ الناس سات بار پڑھ کر دم کرے اور مریض سے دریافت کرے اگر درد باقی ہو تو پھر سات بار سورۃ الناس پڑھ کر دریافت کرے اگر پھر بھی سر درد نہ جائے تو پھر سورۃ الناس سات بار پڑھ کر دم کرے۔ مجرب ہے (آدھے اور پورے سر کے درد کے لیے)

نصف درد سر سورۃ اخلاص تین بار یا سات بار یا گیارہ بار پڑھ کر دم کریں مجرب ہے۔ اس کے علاوہ سورۃ اخلاص ہر بار پڑھ کر دم کرے یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مجرب المجرب ہے۔

0345-2151897

آدھے سر کا مجرّب نقش

آدھے سر کے درد اور دیگر تمام دردوں کے لیے، درد کی جگہ پر یہ تعویذ باندھا جائے۔

۳۹۲	۳۹۹	۲	۷
۶	۳	۳۹۶	۳۹۵
۳۹۸	۳۹۳	۸	۱
۴	۵	۳۹۴	۳۹۷

سید ریاض الحق
0345-2151897

دردِ کان کا مجرّب عمل

آزمودہ

مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر کان میں دم کریں۔ كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝

دردِ دانت

آزمودہ

ان کلمات کو کاغذ پر لکھ کر درد کرنے والے دانت پر رکھیں بفضلِ خدا دانت کے درد سے آرام ہوگا۔ مجرب المجرّب عمل ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝

ہر قسم کے درد کیلیے

آزمودہ
مفید ثابت ہے

تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اور سات مرتبہ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَآ اَجِدُ وَاُحَاذِرُ ۝ پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے، درد کی جگہ کو مضبوطی سے پکڑیں۔ انشاء اللہ تھوڑی ہی دیر میں درد خواہ کسی جگہ میں کیوں نہ ہو آرام پا جائے گا آزمودہ اور مجرب المجرب ہے۔

برائے لاعلاج مرض

لاعلاج بیماری سے شفاء پانے کا مجرب عمل

سورۃ قُلْ یَاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ مع بِسْمِ اللّٰہِ ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے تیل کی بوتل پردم کرکے محفوظ رکھے جب کوئی مریض کسی قسم کے درد یا دیگر تکالیف کا عامل کے پاس آئے ذرہ سا تیل اس میں سے دے دیا جائے اور کہہ دیا جائے کہ ایک ایک قطرہ سوتے وقت مریض کے کان میں ڈالیں اور درد کی جگہ مالش کریں۔ میں نے اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا اللہ کے فضل سے صحیح پایا۔

لاعلاج بیماری کیلیے

ایک سوگیارہ مرتبہ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ پڑھ کر پانی پردم کرکے ہر روز پلایا جائے اکیس یوم حد اکتالیس یوم اللہ کے فضل سے آرام پائے گا مجرب ہے۔

ہر لاعلاج مرض کے لیے

چار عدد نقش لکھ کر دے دیں سات نلکوں یا سات کنووں یا سات چشموں کا پانی ایک بوتل میں بھر کر ایک تعویذ اس میں ڈالیں مریض وہ پانی سات روز پیے دن میں تین مرتبہ صبح، دوپہر، شام سات دن بعد دوسرا تعویذ ڈال کر پلائیں اسی کے بعد پھر تیسرا تعویذ اسی طرح پابندی کے ساتھ اکیس دن یہ تین تعویذ پلا دیں اور چوتھا تعویذ

موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دیں مجرب ہے ۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بفضلہ تعالیٰ از ہر بلا و بیماری محفوظ شد

روحانی وجسمانی بیماریوں کا علاج

بارش کے پانی پر یا چشمے کے پانی پر سورۃ فاتحہ. آیت الکرسی، سورۃ اخلاص ومعوذتین ہر ایک کو ستر ستر بار پڑھ کردم کرے ۔ مرض رگوں، پٹھوں. گوشت پوست سے نکل جائیگا اورعیاش بدمعاش اس پانی کے پینے سے توبہ تائب ہو کر نماز کا پابند ہو جائیگا ۔ جادو دفع ہوگا نہایت مجرب ہے ۔

برائے اولاد وزچہ بچہ

اولاد کیلیے مجرّب عمل

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو یا زندہ نہ رہتی ہو تو اس عمل کو کرلے ابتدائی مہینہ میں چاند نکل آنے کے بعد نو دن تک نماز مغرب کے بعد پڑھے، ایک سیب اپنے سامنے رکھ لے اور نوسو بار یہ عمل پڑھا جائے اور پڑھ کر سیب پر دم کیا جائے ۔ حٰمٓ الْاَمْرُ وَجَآءَ النَّصْرُ ٭ پھر سیب کے دو ٹکڑے کر کے مرد اور عورت کھالے اسی طرح نو دن تک نو سیب کھلائے جائیں اور دل میں

یہ خیال ہو کہ اگر اولاد نہ ہوتی ہو تو خدا اولاد دے اگر زندہ نہ رہتی تو خدا تعالیٰ اولاد کو زندہ رکھے۔

برائے سلامتی اولاد

جس عورت کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو ایک سو ساٹھ بار بِسْمِ اللّٰہ شریف لکھ کر اس کو دی جائے کہ اپنے پاس رکھ لے انشاءاللہ اس کی اولاد زندہ رہے گی مجرب عمل ہے۔

آسانی پیدائش

تھوڑا سا گڑ لے کر اکیس مرتبہ دم کرے پھر عورت کو وہ گڑ کھلائے مجرب ہے آیت شریفہ یہ ہے إِذَا السَّمَاءُ انشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝

دردزہ کا تعویذ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

أَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ
وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

یہ تعویذ ناف پر باندھیں دس منٹ کے اندر بچہ بحکم خدا باہر آجائے گا۔

کمی دودھ

جس عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ کا پیٹ نہ بھرتا ہو یہ آیتیں لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالے میرا مجرب ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنثَىٰ وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۝ وَكُلُّ شَيْءٍ عِندَهُ بِمِقْدَارٍ ۝ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ۝

(سورۃ رعد)

بچے کے رونے کا مجرب تعویذ

یہ تعویذ لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالدیں میرا ذاتی تجربہ ہے ۔ انشاء اللہ بچے کا رونا بند ہو جائے گا ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَیْءٌ
بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِیْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِیْ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

بچوں کی مرض مسان

۷۸۶

۳۱۵۵	۳۱۵۰	۳۱۵۷
۳۱۵۶	۳۱۵۴	۳۱۵۲
۳۱۵۱	۳۱۵۸	۳۱۵۳

یہ تعویذ بہترین اور مجرب ہے معطر کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ آرام ہوگا ۔

متفرق عملیات

شناخت چور کا مجرب عمل

یہ تصور کر کے کہ چور واپس آکر مجھ سے معافی مانگ رہا ہے

ہر نماز کے بعد روزانہ پانچ مرتبہ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَاءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَاءُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ط پڑھو انشاء اللہ ایک ہفتے کے اندر یا تو چور تمہارے پاس آجائے گا یا خواب میں یا الہامی طور پر چور کا نام و نشان اور مکمل پتہ چل جائے گا ۔

ڈراؤنے خواب و پریشانی کیلیے

آزمودہ

اس نقش پاک کو پاک کاغذ پر لکھ کر دائیں بازو پر موم جامہ کر کے باندھیں بہت مجرب ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خواب میں ڈرنا

رات کو سوتے وقت باوضو لیٹ کر تین بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر تین دفعہ آیت الکرسی پڑھے وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ کے الفاظ کی تین مرتبہ تکرار کرے اور سو جائے انشاء اللہ آئندہ خواب میں سوتا ہوا نہ ڈرے گا۔

مجرب ہے۔

تقویتِ نگاہ کیلیے

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ یا سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے اگلے سروں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر دیا جائے اول و آخر درود شریف بھی پڑھیں مجرب ہے یہ عمل جاری رکھیں انشاء اللہ مرتے دم تک نظر کمزور نہ ہو گی۔

فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ط

حاکم کو مہربان کرنا

بوقتِ پیشی حاکم یا عدالت تعویذ کو اپنے پاس رکھے، بازو پر باندھے یا دوپٹہ میں باندھے یا پگڑی میں رکھے۔ مجرب ہے۔

۷۸۶

۳۷۵	۳۷۸	۳۸۱	۳۶۷
۳۸۰	۳۶۸	۳۷۴	۳۷۹
۳۶۹	۳۸۳	۳۷۶	۳۷۳
۳۷۷	۳۷۲	۳۷۰	۳۸۲

سید ریاض احمد
0345-2151897

مچھروں سے حفاظت

چار کاغذوں پر الگ الگ یہ عدد لکھ کر مکان باغ یا کمرہ کے چاروں کونوں پر چپکا دیں انشاء اللہ سب مچھر بھاگ جائیں گے مجرب ہے ۱۲ - ۱۲ - ۱۱

حسب مرضی بیدار ہونے کا عمل

آزمودہ

سوتے وقت سورۃ کہف کی آخری چار آیتیں پڑھ کر خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے یا اللہ اپنی کرم نوازی سے مجھے اتنے بجکر اتنے منٹ پر بیدار کردے۔

استخارہ کا مجرب عمل

عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضو کرکے بستر پر بیٹھ کر یا لیٹ کر درود شریف پڑھے پھر دس بار الحمد شریف اور گیارہ بار قل شریف پڑھ کر سینے پر دم کریں اور رو بہ قبلہ داہنے پہلو سو جائیں اور یہ نیت کریں کہ اللہ تعالیٰ

اپنے کلام پاک کی برکت سے مجھ کو خبر دے کہ یہ کام کروں یا نہ کروں

برائے حفاظت

جو شخص صبح و شام چاروں قل یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس کو پڑھ کر اپنے اوپر یا اپنی اولاد پر اور اپنی جائداد مال و متاع اور مال و مویشی پر دم کر دیا کرے گا کوئی جادو، جن، پری آسیب وغیرہ اس پر اثر نہیں کرے گا خواہ کتنا ہی دعویٰ و فخر کے ساتھ جادو ٹونے میں ماہر ہونے کا دعویٰ کیوں نہ کرے۔ ان چاروں سورتوں کے عامل پر کوئی اثر نہیں ہو سکتا۔ یہ چاروں سورتیں دفع سحر، نظر بد، جادو ٹونے اور جمیع آفات ارضی و سماوی سے بچانے کے لیے اکسیر اور باتاثیر ہے ان چاروں سورتوں سے پہلے سورۃ الفاتحہ اور آیت الکرسی پڑھنا بہتر ہے۔

برائے مقصد میں کامیابی

سورہ جاثیہ کی آیت سات سے دس تک چار آیتیں یعنی "وَیْلٌ" سے "عَظِیْمٌ" تک خلوص نیت کے ساتھ پڑھ کر اپنی دائیں ہتھیلی پر تین مرتبہ دم کر کے پھر مٹھی بند کر دے جس شخص سے حاجت ہو اس کے سامنے جا کر مٹھی کھولے انشاء اللہ وہ آدمی اس پر بہت زیادہ مہربان ہو گا۔ بارہا کا آزمودہ و مجرب عمل ہے۔

ہر قسم کے بخار کے لیے،

آزمودہ

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بخار غائب ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا اللّٰہُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

لَا اِلٰـہَ اِلَّا اَنْتَ الشَّافِیْ اَنْتَ الْکَافِیْ

درندہ جانور کے حملے سے حفاظت کیلیے

آزمودہ

اگر شیر یا کتا یا کوئی اور حملہ آور جانور راستے میں حملہ کرے تو فوراً وَکَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ پڑھنا شروع کردے انشاء اللہ حملہ آور جانور حملہ کرنے سے باز آجائے گا ہزاروں مرتبہ کا تجربہ ہے۔

آسیب زدہ کا رقعہ

آزمودہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بعد حمد و نعت کے فقیر کی طرف سے اگر مسلمان ہو تو السلام علیکم کہے اور نہیں تو یوں معلوم کرے کہ جناب سید احمد صاحب کو امام زمان اکابر حق اور اس فقیر کو اس کے تابعداروں میں سے سچ جانتے ہو تو اس رقعہ کو دیکھتے ہی رخصت ہو جاؤ زیادہ

وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی

یَا اَیُّهَا الْجَانُّ عَلَیْکُمْ عَهْدُ دَاوٗدَ وَسُلَیْمَانَ

اگر آسیب زدہ کو یہ رقعہ دکھایا جائے تو جن فوراً چلا جائے گا۔

ختم شد

سید ریاض

0345-2151897